Islamophobia – اسلاموفوبیا

آج کل آئے دن ایسے مناظر دیکھنے میں آتے ہیں ایسی خبریں سننے کو ملی ہیں جس سے ایک مسلمان کی آنکھیں اشک بار ہو جاتی ہیں، دل غمگین ہو جاتا ہے لیکن ہم وہی بات اپنی زبانوں سے نکالیں گے جو ہمارے رب کو راضی کرنے والی ہو۔

إنَّ العَيْنَ تَدْمَعُ، والقَلْبَ يَحْزَنُ، ولَا نَقُولُ إلَّا ما يَرْضَى رَبُّنَا، وإنَّا بِما حلَّ بالمسْلِمينَ لَمَحْزُونُونَ.

یہ ایسے واقعات ہیں ایسے حادثات ہیں جو ایک مسلمان کو مضطرب اور پریشان کرنے والے ہیں، اگر ہم غور کریں تو ہمیں معلوم ہو گا کہ اس کا سبب وہ غیر حقیقی ڈر اور خوف ہے جو اسلام اور مسلمانوں کے تئیں بٹھایا جارہا ہے۔ جسے اسلاموفوبیا کہتے ہیں، یعنی اسلام کے متعلق نفرت کو پھیلانا فروغ دینا۔

فوبیا: غیر حقیقی ڈر (irrational fear of any thing)

اسلاموفوبیا کے اسباب کیا ہیں، اس کے اثرات کیا ہیں اور اس کا مقابلہ ہم کس طرح کرسکتے ہیں اس کے متعلق چند غور طلب باتیں میں آپ کے سامنے رکھوں گا، اللہ تعالی سے دعا ہے کہ اللہ تعالی ہمیں ہر حال میں اسلامی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

اسباب:

- حق و باطل کے درمیان کشمکش تو چلتے ہی رہے گی۔ (شیطان برابر پیچھے لگا ہوا ہے)

ستیزہ کار رہا ہے ازل سے تا امروز

چراغِ مُصطفویؐ سے شَرارِ بُولہبی

- اسلام کے پھیلنے سے پریشان ہیں لہذا اس کے متعلق خوف میں مبتلا کر دو (اسلام ریزننگ اور لاجک (logic / reasoning) کو سامنے رکھ کر جواب دیتا ہے) اسلام انسان کی فطرت کے عین مطابق ہے اور اس کی عقل وشعور کو مزید بڑھاتا ہے۔
- سیاسی چال ہے، ایک بڑے طبقے کو آپ چھوٹے طبقے سے ڈرانے میں کامیاب ہوگئے۔ (محبت اور کام سے کامیابی ذرا تاخیر سے ملتی ہے، نفرت اور ڈر کا ماحول بناؤ اور کچھ ہی وقت میں بہترین نتائج پاؤ، جب تک لوگ اس سیاست کو سمجھیں گے ہم اپنی میعاد مکمل کرلیں گے) ایک مشترکہ دشمن بنا دیں۔۔۔ اکثریت کو ڈرانے میں کامیاب ہوگئے۔
- میڈیا اپنی دکان چلانا چاہتا ہے۔ (مہنگائی، بے روزگاری، عورتوں پر ظلم وزیادتی کے واقعات، کرپشن، تعلیم کا مہنگا ہوجانا، علاج کا مہنگا ہوجانا ایسے مدّعے ہیں جن پر کام کرنا پڑے گا۔۔۔ ہندو مسلم کرو اور اپنی ٹی آر پی بڑھاؤ) علمی دروس میں بہت کم لوگ بیٹھتے ہیں وہی بے فائدہ اور زبان کے تیز علم وعمل سے کورے واعظین کی محفلیں بھری ہوئی ہیں۔
- اسلام اور مسلمانوں کے تیئں جہالت (ثمامہ بن اصال)
- کچھ نادان مسلمانوں کے غلط اقدامات بھی کبھی اسلاموفوبیا کا سبب بن جاتی ہیں۔
-

اثرات:

(شناخت اور تشخص کو مجروح کرنا) Identity crises

(مسلمان ہونے کے سبب انہیں پیچھے کرنا) Exclusion

(امتیازی سلوک) Discrimination

(تشدد) Violence

مقابلہ کیسے کریں

- Reaction se behtar respond hai

بعض جذباتی نوجوانوں کا ردعمل (reaction) کی صورت میں مزید اسلام کی بدنامی ہو رہی ہے۔

قرآن مجید قتل کی تعلیم دیتا ہے، اس کا جواب علماء نے دیا ہے۔ لیکن ہمارے بعض نوجوان اس کے مقابلہ میں اس شخص کو قتل کرنے کی دھمکی دیتے ہیں کہ جو اس طرح کی بات کر رہا ہے تو گویا غیر ارادی طور پر یہ نوجوان اسلام کو بدنام کرنے میں ایندھن کا کام کر رہے ہیں۔

غیر شعوری طور پر وہ لوگ ان کے دعوے کی تصدیق کر رہے ہیں کہ واقعی یہ لوگ صرف قتل وغارت گری کی بات کرتے ہیں۔

دانشمندانہ انداز میں ردعمل ظاہر کریں۔(react in a wise way)

اس کو محمد ﷺ کا تعارف کرانے کا موقع بنائیں(make this an opportunity to introduce prophet Mohammed)

- کیا عمل کرنا چھوڑ دیں

وَإِن تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُونُوا أَمْثَالَكُم ﴿٣٨﴾ محمد

وَدُّوا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُونَ ﴿٩﴾ وہ تو چاہتے ہیں کہ تو ذرا ڈھیلا ہو تو یہ بھی ڈھیلے پڑ جائیں

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا ادْخُلُوا فِي السِّلْمِ كَافَّةً وَلَا تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ ۚ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ ﴿٢٠٨﴾ ایمان والو! اسلام میں پورے پورے داخل ہو جاؤ اور شیطان کے قدموں کی تابعداری نہ کرو وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔(البقرۃ)

فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَأَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِينَ ﴿٩٤﴾ إِنَّا كَفَيْنَاكَ الْمُسْتَهْزِئِينَ ﴿٩٥﴾ الَّذِينَ يَجْعَلُونَ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ ﴿٩٦﴾ وَلَقَدْ نَعْلَمُ أَنَّكَ يَضِيقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُولُونَ ﴿٩٧﴾ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُن مِّنَ السَّاجِدِينَ ﴿٩٨﴾ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتَّىٰ يَأْتِيَكَ الْيَقِينُ ﴿٩٩﴾ پس اس کا صاف اعلان کر دے جس کا تجھے حکم دیا جاتا ہے اور مشرکوں سے منہ پھیر لے۔[94] بے شک ہم تجھے مذاق اڑانے والوں کے مقابلے میں کافی ہیں۔[95] جو اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا معبود بناتے ہیں، سو عنقریب جان لیں گے۔[96] اور بلاشبہ یقیناً ہم جانتے ہیں کہ تیرا سینہ اس سے تنگ ہوتا ہے جو وہ کہتے ہیں۔[97] پس اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کر اور سجدہ کرنے والوں میں سے ہو جا۔[98] اور اپنے رب کی عبادت کر، یہاں تک کہ تیرے پاس یقین آ جائے۔[99] الحجر

- ہر حال میں دعوت الی اللہ کام نہ چھوڑیں

یہ نغمہ فصل گل ولالہ کا نہیں پابند

بہار ہو کہ خزاں لا الہ الا اللہ

- ہمارے پاس اتنا علم ہو کہ ہم اسلام کی شبیہ کو بگاڑنے والوں کا مدلل اور دانشمندی کے ساتھ جواب دیں

سبَق پھر پڑھ صداقت کا، عدالت کا، شجاعت کا

لیا جائے گا تجھ سے کام دنیا کی امامت کا

- شکایت کرنا چھوڑ دیں

شکوۂ ظلمت شب سے تو کہیں بہتر تھا

اپنے حصے کی کوئی شمع جلاتے جاتے